زندگی کا روزہ

رمضان کا روزہ

ہر روز غروب آفتاب پر ختم ہوتا تھا

لیکن--- زندگی کا بڑا روزہ

آفتاب عمر کے غروب ہونے پر ختم ہو گا!

زندگی بھر کے اس طویل روزہ کا افطار

رسول پاکؐ کے دست مبارک میں لیے جام کوثر سے ہو'

یہ تمنا' یہ آرزو ہر مسلمان کی ہونا چاہیے۔

رمضان کے روزے کی طرح اس روزے میں بھی'

کچھ باتیں منع ہیں 'کچھ کی اجازت ہے

لین دین میں 'شادی بیاہ میں' روز مرہ امور میں.

شریعت اسلامی کی پابندی کیجیے

رسولؐ کے اسوہ دعوت الی اللہ کو اپنا شعار بنا لیجیے

خیال رکھیے--- یہ روزہ ٹوٹ نہ جائے

تاکہ--- جو افطار و ضیافت اہل ایمان کے تیار ہے

آپ کے حصے میں ضرور آئے!!

(بندۂ خدا)